سونے چاندی کے استعمالی زیورات پر زکاۃ کا حکم

مجیب: ابو واصف محمد آصف عطاری

مصدق: مفتی محمد ھاشم خان عطاری

فتوی نمبر: 73

تاریخ اجراء: 13 رمضان المبارک 1442ھ/26 اپریل 2021ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ خواتین کے سونے چاندی کے استعمالی زیورات پر زکوۃ لازم ہے یا نہیں نیز یہ بتادیں زیورات حاجت اصلیہ میں شمار ہوتے ہیں یا نہیں؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

سونے چاندی کے استعمالی زیورات پر اگر شرائط زکوۃ پائی جائیں تو زکوۃ لازم ہے، کیونکہ شریعت مطہرہ کے قوانین کی روشنی میں سونا چاندی ثمن اصلی ہیں، لہذا وہ زیورات کی شکل میں ہوں یا ڈلی کی صورت میں یا برتنوں کی شکل میں، استعمال میں ہوں یا فارغ ہوں، ہر صورت میں شرائط زکوۃ پائے جانے کی صورت میں زکوۃ فرض ہو گی، نیز زیور پہننا حاجت اصلیہ میں شامل نہیں۔

نور الایضاح میں ہے: ”فرضت علی حر مسلم مکلف مالک لنصاب من نقد ولو تبراً او حلیاً او انیة“ ترجمہ: زکوۃ ہر اس آزاد مسلمان مکلف پر فرض ہے جو نقدی میں سے نصاب کا مالک ہوا گرچہ وہ سونا، چاندی ڈلی کی صورت میں ہو، زیورات کی صورت میں ہو یا برتنوں کی صورت میں۔ (نور الایضاح، کتاب الزکاۃ، صفحہ 154، مطبوعہ لاھور)

حاشیۃ الطحطاوی میں ہے: ”وفي الدر أفاد وجوب الزكاة في النقدين ولو كانا للتجمل أو للنفقة قال لأنهما خلقا أثمانا فيزكيهما كيف كانا“ ترجمہ: در میں ہے: سونا، چاندی میں وجوب زکوۃ کا افادہ کیا اگرچہ وہ پہننے یا نفقہ کے لئے ہوں، فرماتے ہیں: چونکہ وہ دونوں ثمن اصلی ہیں، لہذا وہ کسی بھی صورت میں ہوں ان کی زکوۃ نکالی جائے گی۔ (حاشیۃ الطحطاوی، جلد 1، صفحہ 714، دار الکتب العلمیۃ بیروت، لبنان)

امام اہلسنت، اعلی حضرت، الشاہ احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن تحریر فرماتے ہیں: ”فی الواقع سونے کا نصاب ساڑھے سات تولے اور چاندی کا ساڑھے باون تولے ہے ان میں سے جو اُس کے پاس ہو اور سال پُورا اس پر گزر جائے اور کھانے پہننے مکان وغیرہ ضروریات سے بچے اور قرض اسے نصاب سے کم نہ کر دے تو اُس پر زکوٰۃ فرض ہے، **اگرچہ پہننے کا زیور ہو زیور پہننا کوئی حاجت اصلیہ نہیں۔**“ (فتاوی رضویہ، جلد 10، صفحہ 129، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net